# نسلی مساوات کی ترویج کے لیے موجودہ اور تجویز کردہ اقدامات

## ایجوکیشن بیورو

حکومت پُرعزم ہے کہ غیر-چینی زبان بولنے والے (NCS) طلباء[1] کی کمیونٹی کے اندر انضمام، بشمول ان کی مقامی تعلیمی نظام کو اپنائے جانے اور چینی زبان میں مہارت پانے کے حوالے سے، حوصلہ افزائی اور معاونت کرے۔ تمام اہل بچے، اپنی نسلوں اور مقام ہائے پیدائش سے قطع نظر، اسکول میں جگہوں کے تفویضی نظامات کے تحت پبلک سیکٹر اسکولوں کے پرائمری ون اور سیکنڈری ون میں داخلے کے لیے مساوی مواقع سے لطف اندوز ہوتے ہیں جو کہ مبنی بر انصاف اور شفاف ہیں جن میں اسکول میں جگہوں کی تفویض کے لیے والدین کے انتخابات کو پیش نظر رکھا جاتا ہے۔ ایجوکیشن بیورو (EDB) NCS طلباء کو چینی زبان پر عبور حاصل کرنے اور کمیونٹی کے اندر ضم ہونے میں مدد کرنے کے لیے متنوع حکمت عملیوں کے ذریعے سیکھنے میں مکمل تعاون فراہم کر رہا ہے۔ پالیسی کا مقصد NCS طلباء کے والدین کی حوصلہ افزائی کرنا ہے تاکہ وہ جس قدر جلد ممکن ہو ان اسکولوں میں اپنے بچوں کی تعلیم کا انتظام کریں جو چینی زبان کے ماحول سے مزین ہوں تاکہ وہ چینی زبان میں اپنی مہارت بڑھانے میں سہولت پا سکیں۔ نمایاں معاونتی اقدامات درج ذیل ہیں:

**"لرننگ فریم ورک برائے نصاب چینی زبان بطور ثانوی زبان"**

| | |
|---|---|
| متعلقہ خدمات | • کلاس میں چینی سیکھنے کے حوالے سے، "لرننگ فریم ورک برائے نصاب چینی زبان بطور ثانوی زبان" ("لرننگ فریم ورک")، جس کو تربیتی اور تعلیمی مواد سے لیس کیا گیا تھا، کو تعلیمی سال 2014/15 سے پرائمری اور سیکنڈری سکولوں میں نافذ العمل کیا گیا ہے تاکہ NCS طلباء چینی سیکھ پائیں۔ |
| موجودہ اقدامات | *لرننگ فریم ورک*<br>• لرننگ فریم ورک نے NCS طلباء کی ضروریات کے مطابق چینی کو بطور ثانوی زبان سیکھنے اور پڑھانے، اور جانچ کے لیے مراحل اور طریقے فراہم کیے ہیں۔ لرننگ فریم ورک کے حوالے سے، اساتذہ پڑھنے، لکھنے، سننے اور بولنے کے حوالے سے تربیتی اہداف، تربیتی نشوونما اور متوقع تربیتی نتائج کا تعین کر سکتے ہیں، اور اسکے ساتھ NCS طلباء کے لیے مختلف مبتدائی نکات اور اہلیتوں کے حساب سے سکول-بیسڈ سطح پر تربیتی مواد کو اپنا سکتے ہیں اور تشکیل دے سکتے ہیں، تاکہ انہیں تدریجی طور پر چینی سیکھنے میں مدد فراہم کی جا سکے۔ |

[1] تعلیمی معاونتی اقدامات کی منصوبہ بندی کے لیے، ایسے طلباء جن کی گھر پر گفتاری زبان چینی نہیں ہوتی ہے انہیں وسیع کیٹگری کے تحت NCS طلباء میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ تعلیمی بیورو تعلیم سے متعلقہ مقاصد کے لیے ہر اسکول سال میں اسکولوں سے ان طلباء کی معلومات ، بشمول ان کی گفتاری زبان جو وہ گھر پر بولتے ہیں اور نسلی معلومات، وغیرہ، کی جمع آوری کرتا ہے۔

- اساتذہ کو نصاب کی منصوبہ بندی، تربیت اور پڑھانے، اور جانچ میں رہنمائی اور امداد فراہم کرنے کے لیے، EDB مسلسل متنوع تربیتی اور تعلیمی وسائل، جیسا کہ "NCS طلباء کے لیے چینی زبان کے تخمینہ جاتی ٹولز" اور تعلیمی حوالہ جاتی مواد تشکیل دیتا آیا ہے۔ یہ تمام وسائل EDB ویب پیج پر اپلوڈ کر دیے گئے ہیں اور انہیں متواتر بنیاد پر اپ ڈیٹ کیا جائے گا۔ دیگر کے ساتھ، EDB نے پرائمری لیول پر NCS طلباء کے لیے تربیتی اور تعلیمی مواد کا مجموعہ، بشمول طالب علم کی نصابی کتب، ورک بکس اور تعلیمی حوالہ جاتی مواد، کا مجموعہ تشکیل دیا ہے۔یہ مواد EDB ویب پیج پر اپلوڈ کر دیا گیا ہے اور سکولوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ سکول اپنے نصاب کے حوالے کے ساتھ ان موادات کو اپنا سکتے ہیں تاکہ NCS طلباء کی متنوع تربیتی ضروریات کو پورا کر سکیں۔ مزید برآں، EDB نے NCS طلباء کے لیے آنلائن چینی زبان کے از خود سیکھنے کے وسائل تیار کیے ہیں تاکہ سیکھنے کا متنوع مواد فراہم کیا جا سکے تاکہ کمرۂ جماعت سے ماورا سیکھنے کے عمل کو بڑھانے اور ان کی تعلیم کو مستحکم کرنے میں ان کی مدد کی جا سکے۔

*اسکولوں کے لیے فنڈنگ سپورٹ*

- EDB پبلک سیکٹر کے اسکولز (بشمول اسپیشل اسکولز) اور ڈائریکٹ سبسڈی اسکیم (DSS) اسکولز کے لیے اضافی فنڈنگ فراہم کر رہا ہے جو مقامی نصاب پیش کرتے ہیں اور NCS طلباء کو داخلہ دیتے ہیں، جس کا مقصد NCS طلباء کے لیے چینی زبان سیکھنے میں معاونت کو بڑھانے کے ساتھ اسکولوں میں ایک جامع سیکھنے کا ماحول پیدا کرنا ہے۔ پبلک سیکٹر اور DSS پرائمری اور سیکنڈری اسکولز کے اندر مقامی نصاب کا مطالعہ کرنے والے تمام NCS طلباء مستفید ہوتے ہیں۔

*اساتذہ کے لیے پیشہ وارانہ ترقی*

- NCS طلباء کو پڑھانے والے تمام چینی زبان کے اساتذہ کے لیے تربیتی مواقع فراہم کیے جاتے ہیں۔ NCS طلباء کو پڑھانے کی اساتذہ کی پڑھانے کی پیشہ وارانہ صلاحیت کو مہمیز دینے کے لیے، EDB استاد کے لیے پیشہ ورانہ ڈویلپمنٹ پروگرامز کے ساختی اور متنوع موڈز کو ترتیب دینے کے ساتھ، استاد کی پیشہ ورانہ تجربہ کی شراکت کا انتظام جاری رکھے ہوئے ہے تاکہ NCS طلباء کو پڑھاتے ہوئے چینی زبان کے اساتذہ کی پیشہ ورانہ اہلیت میں اضافہ کیا جائے۔

- EDB ہانگ کانگ کی ایجوکیشن یونیورسٹی کو پرائمری اور سیکنڈری اسکولوں میں NCS طلباء کو پڑھانے والے چینی زبان کے اساتذہ کے لیے "NCS طلباء کے لیے چینی زبان کی تعلیم کے متعلق سرٹیفکیٹ بابت پروفیشنل ڈویلپمنٹ پروگرام" (5 ہفتے) پروگرام کی پیشکش جاری رکھنے میں مدد کرتا ہے۔ پروگرام کا مقصد NCS طلباء کو چینی زبان سکھانے کی ان کی موثر پن کو بڑھانا ہے۔

- اسکولوں کو دعوت دی جاتی ہے کہ NCS طلباء کی چینی سیکھنے اور ثقافتی ہم آہنگی کے فروغ کی معاونت میں بہتر طریقہ ہائے کاور اور سکول میں ہونے والے تجربات کی شراکت کریں، جو کہ اس نقطہ نگاہ سے ہو کہ اسکولوں کے مابین پیشہ وارانہ ادل بدل میں سہولت مل سکے۔ اس کے علاوہ، اسکولوں کے لیے سالانہ بنیاد پر شراکتی نشستوں کا انتظام کیا جاتا ہے جو کہ ایکوئل اوپرچینوٹیز کمیشن کے ساتھ مل کر کیا جاتا ہے، تاکہ نسلی امتیاز آرڈیننس، کیپ 602 از ہانگ کانگ لاء کی وضاحت کی جا سکے، کہ یہ اسکول کی پالیسیوں کے بنائے جانے، اور اسکولوں کی حوصلہ افزائی سے متعلقہ ہےکہ تاکہ وہ اسکولوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ ثقافتی شمولیت کو فروغ دیں۔

*اسکول کی بنیاد پر معاونتی خدمات*

- EDB متنوع سکول کی بنیاد پر معاونتی خدمات فراہم کرتا ہے جس میں سکول کے اپنے نصاب کو اپنانے اور "لرننگ فریم ورک" کا حوالہ لے کر مناسب تربیتی اور تدریسی مواد کی تیاری میں اعانت شامل ہے۔ موقع پر سپورٹ کی فراہمی، پیشہ وارانہ تربیتی کمیونٹیز کی تشکیل اور سکولوں میں تجربے کے اشتراک کو آسان بنانے کے ذریعے، اساتذہ کی پیشہ ورانہ صلاحیت کے اندر اضافہ کیا گیا ہے تاکہ وہ NCS طلباء کو موثر طریقے سے چینی زبان سیکھنے میں معاونت فراہم کر سکیں۔ ہر تعلیمی سال، سکول اپنی ترقیاتی تقاضاجات کے مطابق متعلقہ معاونتی خدمات کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

مستقبل کے کام کا جائزہ

- EDB تسلسل سے متعلقہ معاونتی اقدامات کے موثر ہونے کا جائزہ اور تخمینہ لگاتی ہے، اور اقدامات کو مزید بہتر بناتی ہے اگر ایسا کرنا ضروری ہو۔ ہم تربیتی مقاصد، نصاب کی منصوبہ بندی، تربیتی مواد اور اتالیقی حکمت عملیوں، لسانی مہارت اور NCS طلباء کے سیکھنے کے مقصد اور دیگر اعانتی عناصر کو ملاحظہ کریں گے جو کہ اسکول اپنائیں گے۔

اضافی اقدامات جو لیے گئے/جو لیے جانے ہیں

- EDB شراکت داروں کے خیالات کو جمع کرے گی اور اگر مناسب سمجھا گیا تو معاونتی اقدامات کی مزید بہتر بنانے پر غور کرے گی۔

**مختلف راستوں کا ملاپ**

متعلقہ خدمات

- NCS طلباء اپنی ضروریات اور خواہشات کے پیش نظر، چینی زبان کا مطالعہ کرنے، یا ہانگ کانگ کے سیکنڈری ایجوکیشن ایگزامینیشن (HKDSE) میں ((ApL(C)) (برائے NCS طلباء) کے لیے اپلائیڈ لرننگ چینی کے سیکھنے کا انتخاب کر سکتے ہیں، اور/یا سینئر سیکنڈری لیول کی متبادل بین الاقوامی تسلیم شدہ چینی زبان کی کوالیفیکیشنز حاصل کر سکتے ہیں تاکہ مزید مطالعات اور کیرئیر کے حصول کی تیاری کر سکیں۔

موجودہ اقدامات

ApL(C)

- از آغاز 2014/15 اسکول سال، ApL(C) کے تعارف جو کہ کوائلیفیکیشنز فریم ورک لیولز 1 تا 3 سے منسلکہ ہے سینئر سیکنڈری لیول پر NCS طلباء جو خصوصی صورتحال پر پورا اترتے ہوں[2] کو اضافی چینل فراہم کرتا ہے تاکہ وہ متبادل چینی زبان کی کوالیفیکیشن حاصل کر پائیں تاکہ وہ مزید مطالعات اور من چاہے کیرئیر کا حصول کر پائیں۔ ApL(C) کے نتائج کو HKDSE سرٹیفکیٹ پر "حصول شدہ" اور "حصول شدہ مع امتیاز" کے طور پر رپورٹ کیا گیا ہے۔

*چینی زبان سیکھنے کی متبادل کوالیفیکیشنز*

- چینی زبان سیکھنے کی متبادل کوالیفیکیشنز میں جنرل سرٹیفکیٹ آف سیکنڈری ایجوکیشن (GCSE)، انٹرنیشنل جنرل سرٹیفکیٹ آف سیکنڈر ایجوکیشن (IGCSE) اور جنرل سرٹیفکیٹ آف ایجوکیشن (GCE) ایڈوانسڈ سبسڈری (AS)-لیول اور ایڈوانسڈ (A)-لیول کے ماتحت شامل ہیں۔ اہل NCS طلباء[2] جو ان امتحانات کے لیے داخلہ لے رہے ہیں ان سے محض یہ تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ HKDSE چینی زبان کے برابر "سبسڈی شدہ امتحانی فیس" ادا کردیں۔ اہل ضرورت مند NCS طلباء امتحانی فیس کی معافی اسکیم کے تحت "سبسڈی شدہ امتحانی فیس" کی مکمل یا نصف فیس معافی کے لیے بھی درخواست دے سکتے ہیں۔

---

[2] بالخصوص، یہ NCS طلباء وہ ہیں جنہوں نے چینی زبان سیکھی ہے اس طور کہ–
(a) چھ برس سے کم میں جب کہ پرائمری اور سیکنڈری تعلیم پا رہے تھے؛ یا
(b) چھ برس یا زائد اسکولوں میں رہے ہوں، مگر اڈاپٹ شدہ اور چینی زبان کا سادہ تر نصاب پڑھا ہو نہ کہ عام طور پر وہ نصاب جو کہ مقامی اسکولوں میں طلباء کی اکثریت پڑھتی ہے۔

*دیگر*

- پوسٹ سیکنڈری انسٹیٹیوشن/ٹریننگ آرگنائزیشن کو NCS اسکول ترک کنندگان کے لیے ووکیشنل چینی زبان کورسز میں مدعو کیا گیا ہے جو لیول 1 یا 2 بابت کوالیفیکیشنز فریم ورک کے حوالے سے لانچ کی گئی تھی۔ جو طلباء متعلقہ تقاضا جات کو پورا کرتے ہوں وہ ٹیوشن فیس میں 85٪ تک سبسڈی وصول پا سکتے ہیں۔

مستقبل کے کام کا جائزہ

- متبادل چینی زبان کی کوالیفیکیشنز اور ApL(C) کو عمومی داخلہ کے تقاضا جات کی ذیل میں تسلیم کیا جاتا ہے تاکہ یونیورسٹی گرانٹس کمیٹی (UGC) کے فنڈ پانے والی جامعات اور اکثر پوسٹ-سیکنڈری اداروں کے ساتھ ساتھ سول سروس میں تعیناتیاں ہو پائیں۔

اضافی اقدامات جو لیے گئے/جو کہ لیے جانے ہیں

- وہ اہل NCS طلباء جو HKDSE چائنیز لینگویج دے رہے ہوں مگر لیول 3 یا زائد تک نہ پہنچ پائیں، تو UGC کے فنڈ پانے والی جامعات چینی زبان کے تقاضے کے حوالے سے اپنا اختیار استعمال کر سکتی ہیں اور معاملہ در معاملہ کی بنیاد پر داخلہ کے لیے اپنے سامنے پیش کردہ درخواستوں کا جائزہ لے سکتی ہیں۔

**دیگر معاونتی اقدامات**

*سمر برجنگ پروگرام*

متعلقہ خدمات

- سمر برجنگ پروگرام کا مقصد پرائمری 1 میں ترقی پانے والے NCS طلباء کو کمرہ جماعت میں کے اندر کے تربیتی ماحول میں چینی زبان کے استعمال کو اپنانے میں سہولت فراہم کرنا اور پرائمری 2 سے 6 تک ترقی پانے والے NCS طلباء کی معاونت کرنا ہے کہ انہوں نے تعلیمی سال میں جو کچھ سیکھا ہے اس کو پختہ کریں اور انہیں اگلے تعلیمی سال میں چینی سیکھنے کے لیے تیار کیا جائے۔

موجودہ اقدامات

- پرائمری 1 سے 6 تک ترقی پانے والے NCS طلباء کے لیے سمر برجنگ پروگرام کا اہتمام کیا گیا ہے۔ شرکت کرنے والے NCS طلباء کے والدین اور سرپرستوں کو بھی والدین کی معاونت اور گھریلو اسکول کے تعاون کے ذریعے چینی زبان کو زیادہ موثر طور پر سیکھنے کے لیے پروگرام میں شامل ہونے کی دعوت دی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ، EDB نے پرائمری 6 NCS طلباء کو ثانوی اسکولوں میں چینی زبان سیکھنے کے مطابق ڈھالنے کے حوالے سے سہولت فراہم کرنے کے لیے "NCS طلباء کے لیے ثانوی اسکولوں میں چینی زبان سیکھنے کے چیلنجز" پر ایک کتابچہ مرتب کیا ہے۔

مستقبل کے کام کا جائزہ

- سمر برجنگ پروگرام کے نفاذ کی صورت حال اور موثریت کا جائزہ ہر برس سالانہ بنیاد پر لیا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| اضافی اقدامات جو لیے گئے/جو کہ لیے جانے ہیں | • EDB شراکت داروں سے نظریات جمع کرنا جاری رکھے گا اور جیسے موزوں سمجھا گیا پروگرام کی آراستگی کو پیش نظر رکھے گا۔ |

*بعد از اسکول چینی زبان کے کورسز*

| | |
|---|---|
| متعلقہ خدمات | • NCSکے طلباء کو چینی زبان میں سیکھنے کے تجربات کو بڑھانا اور کمرہءجماعت میں تربیتی ماحول کے علاوہ بعد از اسکول چینی زبان کے منظم کورسز کے ذریعے سیکھنا۔ |
| موجودہ اقدامات | • 2023/24تعلیمی سال سے، EDBایک پائلٹ اسکیم لاگو کر چکا ہے تاکہ اسکولوں کو "یوتھ چائنیز ٹیسٹ" کے موافقت پذیر تربیتی مواد کا استعمال کرتے ہوئے پرائمری NCS طلباء کے لیے بعد از اسکول چینی زبان کے کورسز کا اہتمام کیا جائے۔ شرکت کرنے والے NCS طلباء کے والدین کو خوش آمدید کہا جاتا ہے کہ وہ اپنے بچوں کے ساتھ مل کر کورسز میں حصہ لیں تاکہ روزمرہ کی زندگی میں چینی زبان کے استعمال کو بہتر بنایا جا سکے۔ اس اسکیم نے حصہ لینے والے اسکولوں کے اساتذہ کے لیے تربیتی کورسز بھی فراہم کیے ہیں تاکہ NCS کے طلبہ کی چینی سیکھنے میں معاونت فراہم کر کے ان کی پیشہ ورانہ صلاحیت کو بڑھایا جا سکے۔ |
| مستقبل کے کام کا جائزہ | • بعد از اسکول چینی زبان کے کورسز کے نفاذ کی صورتحال اور تاثیر کا جائزہ متواتر جاری رکھا جاتا ہے۔ |
| اضافی اقدامات جو لیے گئے/جو کہ لیے جانے ہیں | • EDBاسٹیک ہولڈرز سے آراء اکٹھا کرنا جاری رکھے گا اور اسکیم کی اصلاح کو زیر غور لائے گا جب مناسب تصور کرے گا۔ |

## *اسپیشل ایجوکیشنل نیڈز کے ساتھ NCS طلباء کے لیے معاونت*

**متعلقہ خدمات**

- سال 2019/20 سے آغاز کر کے، EDB ریکرنٹ کیش گرانٹ المعروف اسپیشل ایجوکیشنل نیڈز (SEN) کے اشتراک سے NCS طلباء کی معاونت کے لیے گرانٹ (دی NCS-SEN گرانٹ) فراہم کرتی ہے جو کہ پبلک سیکٹر کے عام اسکولوں اور DSS اسکولوں کے لیے ہوتی ہے جو کہ NCS طلباء کو SEN کے اشتراک سے داخل کرتے ہیں تاکہ اسکولوں میں زیر تعلیم طلباء کو جذباتی، ابلاغیاتی اور معاشرتی معاونت فراہم کرکے مضبوط کیا جائے، اس طرح ان کی مختلف تربیتی مدارج کو اپنانے اور اسکول کی زندگی میں گھلنے ملنے کے حوالے سے مدد کی جا سکے۔

**موجودہ اقدامات**

- یہ NCS-SEN گرانٹ ہر اسکول میں داخل شدہ SEN کے اشتراک سے NCS طلباء کے نمبر کے مطابق 3-ٹائر کے تحت دی جاتی ہے اور گرانٹ کی شرحوں میں کمپوزیٹ کنزیومر پرائس انڈیکس میں تبدیلی کی مناسبت سے سالانہ بنیاد پر رد و بدل کیا جاتا ہے۔
- اسکول NCS-SEN گرانٹ اور دیگر اضافی وسائل کو پُول کر سکتے ہیں، جیسا کہ لرننگ سپورٹ گرانٹ، ہولسٹک اور لچک دار ڈپلائمنٹ کے لیے تاکہ ٹیچنگ معاونین کو بھرتی کیا جائے اور وہ اساتذہ کی معاونت کریں تاکہ وہ سرگرمیاں اور تدریسی مواد ترتیب دیں، ترجمہ کی خدمات مستعار لے پائیں تاکہ NCS طلباء کے والدین کے ساتھ ابلاغ اور شراکت

**مستقبل کے کام کا جائزہ**

- EDB کا پیشہ وارانہ عملہ اسکولوں کے باقاعدہ دورے کرتا ہے تاکہ ان کی اضافی وسائل کے حوالے سے افادیت کو سمجھ سکے اور ان کو مناسب سپورٹ فراہم کرے اور اسکولوں کو وسائل کی موثر فراہمی کے حوالے سے مشورہ دے سکے تاکہ متعلقہ طلباء کی معاونت ہو سکے کہ وہ مختلف تربیتی مدارج، کو اپنائیں، اور ان میں ہموار انداز میں منتقلی کریں۔

**اضافی اقدامات جو لیے گئے/جو کہ لیے جانے ہیں**

- EDB سکولوں کے درمیان NCS-SEN گرانٹ کے استعمال کے حوالے سے یشہ وارانہ تبادلوں اور شراکت کی ترویج جاری رکھے گا۔

*NCS طلباء کے لیے سیکنڈری لیول پر زندگی کی منصوبہ بندی کے حوالے سے تعلیمی سرگرمیوں کا فراہم کیا جانا*

| | |
|---|---|
| متعلقہ خدمات | • اپنے کیرئیر اورینٹیشن سے آگہی کے لیے NCS طلباء کو سہولت فراہم کرنا، اور کیرئیر کی کھوج کی سرگرمیوں اور کام کے تجربے کے مواقع کے ذریعے مختلف مطالعاتی راستوں اور ملازمتوں سے متعلق تفہیم پیدا کرنا۔ |
| موجودہ اقدامات | • تدریسی سال 2018/19 سے آغاز کرتے ہوئے، EDB نے غیر حکومتی تنظیموں کو اجازت دی ہے کہ وہ سیکنڈری سطح پر NCS طلباء کے لیے کیرئیر کی کھوج کی سرگرمیوں بشمول پوسٹ-سیکنڈری اداروں، کام کی جگہوں پر دوروں، کام کے تجربہ کے پروگراموں، وغیرہ کے دوروں، کا انتظام کرے تاکہ وہ مزید مطالعات اور کیرئرز کے حوالے سے سمجھے بوجھے انتخابات کر سکیں، شخصی مقاصد طے کر سکیں اور اپنے مستقبل کی منصوبہ بندی کر سکیں۔ پروگرام نے شریک سکولونک ے NCS طلباء کے اساتذہ اور والدین کے لیے تربیتی کورسز بھی فراہم کیے ہیں تاکہ زندگی کی منصوبہ بندی کے حوالے سے تعلیم میں NCS طلباء کی معاونتی اہلیت میں اضافہ کر سکیں۔ |
| مستقبل کے کام کا جائزہ | • EDB مختلف اقدامات اٹھاتا ہے تاکہ پروگرام کی موثریت اور پیشرفت کا جائزہ اور جانچ پڑتال کر سکے، جیسا کہ شریک اسکولوں کی طرف باقاعدگی سے دوروں کا انتظام کیا جاتا ہے تاکہ سرگرمیوں کے نفاذ کا کو جانا جا سکے اور اساتذہ اور والدین کے خیالات اور ضروریات کو سنا جا سکے، اور اس کے ساتھ ساتھ فراہم کنندہ کے ساتھ جائزہ ملاقاتوں کا اہتمام کیا جا سکے اور فراہم کنندہ کی جانب سے رپورٹ کی جمع آوری کا تقاضا کیا جا سکے۔ |
| اضافی اقدامات جو لیے گئے/جو لیے جانے ہیں | • EDB جائزے کی دریافتوں کے تناظر میں پروگرام کو مزید بہتر بنائے گا۔ |

## ابتدائی سطح پر اڈاپشن کی ترویج

متعلقہ خدمات

- NCS طلباء بچوں کے والدین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ بچوں کو مقامی کنڈرگارٹنز[3] میں بھیجیں تاکہ ان کا ابتدائی طور پر چینی زبان سے مزین ماحول سے واسطہ پڑے جو کہ NCS طلبا کی زبان کی تربیت اور ان کی قومی دھارے کے پرائمری اسکولوں سے ہمارا منتقلی کے لیے ایصالی ہے۔

موجودہ اقدامات

*کنڈرگارٹن*

اسکول میں تشکیل کردہ معاونتی خدمات فراہم کی جاتی ہیں تاکہ اساتذہ کی پیشہ وارانہ قابلیت میں اضافہ کیا جا سکے جو کہ NCS طلباء کو چینی سکھا رہے ہوتے ہیں اور ان بچوں کی پرائمری ایجوکیشن سے کنڈرگارٹن میں ہموار منتقلی میں سہولت فراہم کرنا ہے۔ کنڈرگارٹنز میں NCS طلباء کے لیے چینی زبان کو سکھانے اور پڑھانے کے حوالے سے ٹیچر ٹریننگ پروگرام میں بھی اضافہ کیا جائے گا۔ نو عمر بچوں کی ترقی اور تربیتی تنوع سے نپٹنےکے حوالے سے سیمینارز/ورکشاپس کا انعقاد کیا جاتا ہے تاکہ اساتذہ کی پیشہ وارانہ قابلیت بڑھائی جا سکے۔

*دیگر*

- غیر-حکومتی اداروں کے اشتراک کے ساتھ، ضلعی-سطح پر پروگراموں کا انعقاد کیا جا رہا ہے تاکہ NCS طلباء بچوں کی حوصلہ افزائی ہو کہ وہ سرگرمیوں کے ذریعے چینی سیکھیں۔

- جہاں تک کنڈرگارٹن میں داخلہ کا تعلق ہے، مختص کردہ بریفنگ سیشن NCS طلباء بچوں کے والدین کے لیے انگریزی (مع جہاں ضروری ہو ترجمانی کی خدمات مختلف نسلوں کے افراد کی) زبانوں میں فراہم کی جاتی ہے) اور یہ سیشن منعقد ہوتے ہیں۔ EDB نے " K1 داخلہ انتظامات" کے حوالے سے انگریزی عبارت کے ساتھ ایک پاور پوائنٹ بھی تیار کی ہے، جس کے ساتھ متعلقہ مواد ہے جس کا ترجمہ مختلف النسل افراد کی زبانوں میں کیا گیا ہے تاکہ NCS والدین کو K1 داخلہ انتظامات کے تحت عمل درآمد کی تفصیلات اور یاد رکھنے کے نکات کے متعلق آگاہی دی جا سکے۔ مذکورہ بالا پاور پوائنٹ کو NCS بچوں کے والدین کے حوالے کے لیے EDB ویب پیج کے اوپر اپلوڈ کیا گیا ہے۔ اسی دوران، ہم نسلی اقلیتوں کے لیے سپورٹ سروس سنٹرز کے اشتراک سے بریفنگ سیشنز کا اہتمام بھی کرتے ہیں جن کو ہوم افیئرز ڈیپارٹمنٹ اس تناظر میں فنڈ فراہم کرتا ہے کہ وہ NCS طلباء بچوں کے والدین تک پہنچے، اور کنڈرگارٹنز میں داخلے کے طریقہ ہائے کار کے حوالے سے ان کے فہم میں اضافہ کرے، اور ان کی حوصلہ افزائی بھی کرتے کہ وہ مقامی کنڈرگارٹنز میں اپنے بچوں کو پڑھنے دیں تاکہ ان کا چینی زبان سے مزین ماحول سے واسطہ پڑے۔

---

[3] "کنڈرگارٹنز"سے مراد کنڈرگارٹنز، کنڈرگارٹن-کم-چائلڈ کیئر سینٹرز اور کنڈرگارٹن کلاسز والے اسکولز ہیں۔

مستقبل کے کام کا جائزہ

- EDB نصابی کی تشکیل سازی کے حوالے سے دوروں کا انعقاد گا اور فوکس گروپ انٹرویوز منعقد کرے گا تاکہ تربیتی تنوع، بالخصوص NCS طلباء بچوں کے چینی سیکھنے کے حوالے سے، معلومات جمع کر کے ان کا اشتراک اسکولوں سے کرے۔

اضافی اقدامات جو لیے گئے/جو کہ لیے جانے ہیں

- سال 2017/18 کے تعلیمی سال سے، EDB نے ان کنڈرگارٹنز کو جو کہ کنڈرگارٹن ایجوکیشن اسکیم (سکیم-KGs) میں شریک ہو رہے ہیں اور 8 یا زائد NCS طلباء کو داخل کر رہے ہیں، کو ایک کنڈرگارٹن استاد کی تنخواہ کی رینج کے وسطی پوائنٹ کے تقابل میں اضافی گرانٹ فراہم کی ہے تاکہ طلباء کے لیے کنڈرگارٹن کی اعانت میں سہولت فراہم کی جائے۔ از سال 2019/20 تعلیمی سال، EDB نے اس اقدام کو مزید وسعت دیتے ہوئے داخل شدہ NCS طلباء کی تعداد کے مطابق اسکیم-KGs کو 5-درجاتی گرانٹ فراہم کی ہے۔ ایک NCS طلباء داخل کرنے والی کنڈرگارٹن کو بھی گرانٹ موصول ہوتی ہے، اور سب سے زیادہ درجہ کی گرانٹ کی شرح گزشتہ لیول سے دو گنا ہے۔ اسی اثناء میں، EDB نے NCS طلباء کے لیے سپورٹ کے حوالے سے کنڈرگارٹن اساتذہ کے لیے پیشہ ورانہ ترقی کو مضبوط بنایا ہے۔

## NCS طلباء اور ان کے والدین کے لیے معلومات

متعلقہ خدمات

- سروسز کا مقصد NCS طلباء اور ان کے والدین کی مدد کرنا ہے کہ وہ ہانگ کانگ کے مقامی تعلیمی نظام، نمایاں تعلیم پالیسیوں اور تعلیم کی متعلقہ خدمات کو سمجھ سکیں، اور NCS طلباء کے والدین کو سہولت دینا ہے کہ وہ غیر رسمی سکول انتخابات کر سکیں۔

موجودہ اقدامات

*NCS طلباء کے والدین کے لیے اسکول کے انتخابات کو وسیع کرنا*

- EDB فعال انداز میں NCS طلباء کے والدین کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے کہ وہ اپنے بچوں کو ان اسکولوں میں پڑھائیں جو کہ ان کو چینی زبان سے مزین ماحول فراہم کرتے ہیں۔ یہ ان کے بچوں کے لیے چینی سیکھنے کے ساتھ ساتھ کمیونٹی کے ساتھ اشتراک کار کے لیے مفید ہے۔ تعلیمی سال 2014/15 سے این سی ایس طلباء کی معاونت کے لیے اضافہ شدہ اقدامات کے سلسلے کے نفاذ سے، مقامی نصاب اور NCS طلباء کو داخلہ دینے والے پبلک سیکٹر اور DSS اسکولوں کی تعداد میں آہستہ روی سے اضافہ ہوا ہے اور یہ تعداد اب 2013/14 میں 590 سے بڑھ کر 2024/25 میں 710 ہو گئی ہے، جو کہ کُل ملا کر 75٪ اسکولز کا احاطہ کرتا ہے۔ یہ ظاہر کرتا ہے کہ معاونتی اقدامات نے NCS طلباء کے والدین کے لیے اسکول کے انتخاب کے معیار کو وسعت دی ہے۔

*معلومات کا پھیلاؤ*

- تمام متعلقہ معلومات، بشمول پرائمری 1 اور سیکنڈری 1 کے لیے داخلہ کے دیگر انتظامات، اور سٹوڈنٹ فنانشل اسسٹنس اسکیمز، کے لیے ہاؤس ہولڈ ایپلیکیشن چینی اور انگریزی میں شائع کی گئی ہیں جن کے تراجم مختلف نسلوں کے افراد کی زبانوں میں کیے گئے ہیں اور انہیں NCS طلباء اور ان کے والدین کے لیے مہیا کیا گیا ہے۔

- NCS طلباء کے والدین کے لیے مختص کردہ بریفنگ سیشنز اور موقع پر ترجمانی سروسز کا بندوبست کیا گیا ہے تاکہ تعلیمی معاونتی اقدامات برائے NCS طلباء اور اور پبلک سیکٹر اسکولوں میں پرائمری 1 اور سیکنڈری 1 میں داخلے کے انتظامات سے متعلق تعارف کروایا جائے۔ بریفنگ سیشنز کے موادات کو EDB کے ویب پیج پر اپلوڈ کیا گیا ہے۔

- ہوم-سکول کو-آپریشن کمیٹی (CHSC) سکول کے پروفائلوں کے انگریزی میں طبع شدہ مواد کو شائع کرتی ہے تاکہ اس کو کنڈرگارٹنز اور پرائمری سکولوں کے ذریعے K3 اور پرائمری 6 لیولز میں پڑھنے والے NCS طلباء کے والدین میں تقسیم کیا جا سکے۔ سکول کے انتخابات کرنے کے حوالے سے مزید جامع معلومات والدین کو فراہم کرنے کی غرض سے سکولوں کی سکول پروفائلوں میں "ایجوکیشن سپورٹ فار NCS اسٹوڈنٹس" کے نام سے ایک الگ کالم دستیاب ہے تاکہ NCS طلباء کے لیے اپنی سپورٹ کے حوالے سے معلومات دی جا سکے۔ ایسے پبلک سیکٹر اور DSS سکولوں کو کہ جن کو NCS طلباء کی معاونت کے لیے اضافی فنڈز فراہم کیے گئے ہیں، ان سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ سکولوں کے معاونتی اقدامات کی صراحت کریں۔ سکول کی پروفائلز کے چینی اور انگریزی نسخہ جات CHSC ویب سائٹ پر اپلوڈ کیے جاتے ہیں۔

*ابلاغ میں سہولت کے لیے دیگر اقدامات*

- متعلقہ ایجوکیشن سروسز اور معلومات سے متعلق NCS طلباء اور ان کے والدین کی آگہی میں سہولت فراہم کرنے کے لیے ایک مختص ویب پیج (https://www.edb.gov.hk/ncs) ترتیب دیا گیا ہے۔

- روزمرہ استفسارات کے لیے، شکایت کنندہ، EDB اور سنٹر فار ہارمونی اینڈ اینہانسمنٹ آف ایتھنک مائنورٹی ریزیڈینٹس، NCS پاپولیشن کے لیے سپورٹ سروسز سنٹر کے ساتھ ٹیلیفون کانفرنسنگ کرنے کے لیے، ہاٹ لائن سروس قائم کی گئی ہے اور موقع پر ترجمانی کی خدمات فراہم کی جاتی ہیں، اور یہ پیشکش حکومتی اعانت سے کی جاتی ہے۔

- جب کہ کنڈرگارٹنز میں طلباء کا داخلہ سکول کی سطح پر ہونے کو جاری رکھا گیا ہے، کنڈرگارٹنز کو یہ یاددہانی کروائی گئی ہے کہ درخواست فارمز اور متعلقہ معلومات کو چینی اور انگریزی دونوں میں فراہم کیا جانا ضروری ہے۔ اس ضمن میں، EDB نے حوالے کے لیے کنڈرگارٹنز کو متعلقہ دستاویزات کے دو زبانوں میں ٹمپلیٹس فراہم کیے ہیں۔

- EDB نے سرکلر میمورنڈا جاری کیا ہے تاکہ سکولوں کو یاددہانی کروائے کہ وہ ایک آئکون، انگریزی میں ایک سادہ پیغام یا نمایاں طور پر سکول ویب سائٹس کے ہوم پیج پر ویب سائٹس کے انگریزی ورژن کا لنک فراہم کرے، تاکہ والدین کو سہولت ملے کہ وہ فوری طور پر انگریزی ورژن حاصل کر سکیں جب کہ وہ سکول کی ویب سائٹس پر ہوم پیج پر براؤزنگ کر رہے ہوں۔ مزید یہ کہ، ہم کنڈرگارٹنز سے تقاضا کرتے ہیں کہ وہ کنڈرگارٹنز میں K1 داخلہ انتظامات کے حوالے سے سکول کی ویب سائٹس پر EDB ویب پیج کے انگریزی ورژن کے لنکس فراہم کرے اور ویب صفحہ نمایاں جگہ پر کنڈرگارٹنز اور کنڈرگارٹن-کم-چائلد کیئر سنٹرز کے پروفائل میں سکول کی معلومات کی نشاندہی کرے تاکہ NCS طلباء کے والدین کو براؤزنگ سے متعلقہ معلومات پانے میں سہولت مل سکے۔ EDB نے کنڈرگارٹنز کو بھی یاددہانی کروائی ہے کہ وہ سکول ویب سائٹس پر خصوصی طور پر وضاحت کریں کہ NCS بچوں کے ساتھ انٹرویو کے دوران، ضرورت پڑنے پر درخواست گزاروں کے لیے ترجمانی اور/یا ترجمہ کی خدمات کا انتظام کیا جانا چاہیے جہاں ضروری ہو۔ کنڈرگارٹنز والدین اور بچوں کو اجازت دے سکتے ہیں کہ ابلاغ میں سہولت کے لیے انٹرویو کے دوران چینی زبان بولنے والے رشتہ دار/دوست کو ہمراہ رکھ سکتے ہیں۔ کنڈرگارٹنز کو سکول کی ویب سائٹس پر NCS بچوں کے لیے سکول کی معاونت، انکوائری ٹیلیفون نمبر اور NCS بچوں کے والدین کے لیے ای میل پتہ سے متعلق معلومات فراہم کرنی چاہئیں۔

- کنڈرگارٹنز اور کنڈرگارٹنز-کم-چائلڈ کیئر سنٹرز کی پروفائل چینی اور انگریزی دونوں زبانوں میں شائع کی گئی ہے تاکہ والدین کو ہر کنڈرگارٹن سے متعلق معلومات فراہم کی جائیں جب کہ وہ اسکول کے انتخابات کا فیصلہ کر رہے ہوں۔ "سپورٹ فار NCS سٹوڈنٹس" کے نام سے بھی ایک کالم کنڈرگارٹنز کے لیے شامل کیا گیا ہے تاکہ NCS طلباء کو فراہم کردہ معلومات کو ترتیب دیا جا سکے۔

- EDB نے NCS طلباء بچوں کے والدین کے لیے ایک ہاٹ لائن (ٹیلیفون نمبر: 2892 6676) کا اجراء کیا ہے تاکہ کنڈرگارٹنز میں داخلے سے متعلق ان کے استفسارات کے حوالے سے سہولت بہم پہنچائی جا سکے۔

- صوتی فائلز کے ہمراہ ابلاغی اشارہ جاتی کارڈز کا ایک سیٹ متنوع نسلوں کی زبانوں میں فراہم کیا گیا ہے تاکہ NCS طلباء بچوں کے والدین کے روزمرہ روابطے پر ان کو نگہداری اور توجہ کا پیغام دیا جا سکے تاکہ مزید شمولیتی اسکول ماحول تشکیل دیا جا سکے۔

- متعلقہ تشہیری موادات، جیسا کہ کتابچے، پوسٹرز درخواست فارم اور "کنڈرگارٹنز میں داخلہ کے لیے رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کی درخواست"

پر رہنمائی نوٹس، مع ٹیلی ویژن اعلانات کے سب ٹائٹلز ، کا NCS طلباء بچوں کے والدین کے حوالے کے لیے متنوع نسلوں کی زبانوں میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

- کنڈرگارٹنز میں داخلہ کے حوالے سے بریفنگ سیشن کا انعقاد غیر۔حکومت اداروں کی جانب سے کیا گیا جو کہ متنوع نسلوں کی کمیونٹیز کی خدمت اس تناظر میں کر رہی ہیں کہ NCS طلباء بچوں کے والدین تک اپنے نیٹ ورک کے ذریعے معلومات کو افادہ کی غرض سے پھیلایا جائے۔ ایکوئل اوپرچیونٹیز کمیشن کو مدعو کیا گیا ہے کہ وہ طلباء کے داخلہ کے لیے مساوی مواقع پر کنڈگارٹنز کو بریف کرے۔

- اگر انفرادی طور پر NCS طلباء بچے داخلے کے لیے درخواست دیتے ہوئے مشکلات کا شکار ہوں تو ، EDB ان اسکیم-KGs میں شمولیت کے لیے ریفرلز بھیجے گا جہاں ابھی خالی جگہیں دستیاب ہوں گی۔

- کنڈرگارٹنز کے ٹمپلیٹس کا ترجمہ انگریزی اور متنوع نسلوں کی زبانوں میں کروایا گیا ہے جو کہ عام طور پر والدین کے لیے سرکلرز کے لیے استعمال ہوتے ہیں اور ان کو EDB کی ویب پیج کے اوپر اپلوڈ کیا گیا ہے تاکہ کنڈرگارٹنز کی معاونت کی جائے تاکہ وہ NCS طلباء ہوں کے والدین تک معلومات کو پہنچا سکیں۔

مستقبل کے کام کا جائزہ

- EDB مختص کردہ ویب پیج کو بہتر بنانا جاری رکھے گی۔ متعلقہ معلوماتی کتابچے بھی اپ ڈیٹ کیے جائیں گے جیسے اور جب ضروری تصور کیا گیا۔ اس کے ساتھ ساتھ، EDB اسکولوں کی حوصلہ افزائی کرتی ہے کہ وہ اسکول پروفائلوں کے چینی اور انگریزی نسخوں اور اپنے اسکول ویب پیجز پر مواد کو بہتر بنانا جاری رکھیں تاکہ NCS طلباء کے والدین کے حوالے کے لیے NCS طلباء کے لیے سکول کی سطح پر اپنے معاونتی اقدامات سے متعلق مزید معلومات فراہم کر سکیں۔

اضافی اقدامات جو لیے گئے/جو کہ لیے جاتے ہیں

*والدین کی تعلیم کو مضبوطی دینا*

- از آغاز 2020/21 تعلیمی سال، EDB نے غیر حکومتی تنظیموں اور ایک پوسٹ-سیکنڈری انسٹی ٹیوشن کو اجازت دی ہے کہ وہ NCS طلباء کے والدین کے لیے متنوع پیرنٹ ایجوکیشن پروگرامز فراہم کرے، جس میں تعاملی گفتگوئیں، ورکشاپس، نمائشیں، کمیونٹی ایکسپلوریشن، دورے، وغیرہ شامل ہوں، تاکہ NCS طلباء کے والدین کی معاونت کی جا سکے کہ وہ اپنے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ وہ چینی زبان میں مہارت پا سکیں، اور ان کی مدد کریں کہ وہ اپنے بچوں کے لیے دستیاب کئی راستوں سے متعلق مزید جامع آگہی پا سکیں۔ اس کے علاوہ، EDB نے "غیر چینی بولنے والے طلباء کے والدین کے لیے والدین کی تعلیم کے وسائل کا کتابچہ" شروع کیا ہے، جس کا متنوع النسل افراد کی زبانوں میں ترجمہ کیا گیا ہے، تاکہ NCS طلباء کے والدین کو ان کے بچوں کی تعلیم اور مکمل فرد کی نشوونما میں معاونت فراہم کی جا سکے۔

*ابلاغ میں سہولت پیدا کرنا*

- سکیم-KGs کی اعانت کے لیے کہ وہ سکول ویب سائٹس میں بہتری لائیں اور اس بات کی یقین دہانی کے لیے کہ والدین کو دونوں یعنی چینی اور انگریزی میں سکول معلومات فراہم کی جائیں، EDB نے ایک مرتبہ کے لیے 2020/21 سکول سال میں سکیم-KGs کے لیے ویب سائٹ میں بہتری کی گرانٹ فراہم کی ہے۔ تمام سکیم-KGs کو دونوں یعنی چینی اور انگریزی میں سکول کی بنیادی معلومات، بشمول سکول کا تعارف، داخلہ انتظامات سے متعلق معلومات، سکول فیس، NCS بچوں کے لیے اسکول کی معاونت، اسکول فیس، اسکول ویب سائٹ پر NCS بچوں کے والدین کے لیے انکوائری ٹیلیفون نمبر اور ای میل ایڈریس، وغیرہ فراہم کرنے چاہئیں۔ سکول کی جانب سے اپنی ویب سائٹس میں بہتری کے حوالے سے معاونت کے لیے، EDB نے سکولوں کو 10,000$ کی گرانٹ فراہم کی ہے۔ ایسے سکولز جو دونوں یعنی چینی اور انگریزی میں اپنی ویب سائٹس پر تمام معلومات فراہم کرتے ہیں، 20,000$ کی گرانٹ فراہم کی گئی ہے۔

**استفسارات**

نسلی مساوات کی ترویج کے موجودہ اور تجویز کردہ اقدامات سے متعلق استفسارات کے لیے، براہ مہربانی درج ذیل چینلز کے ذریعے غیر چینی گفتاری طالب علم سپورٹ اور ایجوکیشن کمیشنسیکشن سے رابطہ قائم کریں -


| | | |
|---|---|---|
| نام | : | Mr Henry TAM / Mr Daniel LAM |
| عہدہ | : | Assistant Education Officer (Non-Chinese Speaking Student Support and Education Commission)21 / Assistant Education Officer (Non-Chinese Speaking Student Support and Education Commission)22 |
| ٹیلیفون نمبر | : | 3509 8569 / 3509 8572 |
| فیکس نمبر | : | 2537 4591 |
| ای میل | : | educomst@edb.gov.hk |
| ڈاک کا پتہ | : | 7/F, East Wing, Central Government Offices,<br>2 Tim Mei Avenue,<br>Tamar, Hong Kong |


**ایجوکیشن بیورو**

**مئی 2025**